This question paper contains 4 printed pages]

Roll No.

S. No. of Question Paper	:	**8936**	
Unique Paper Code	:	**2141401**	**F-4**
Name of the Paper	:	**Study of Urdu Ghazal**	
Name of the Course	:	**B.A. (Hons.) Urdu**	
Semester	:	**IV**	

Duration : **3 Hours** Maximum Marks : **75**

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

نوٹ : پانچ سوالوں کے جواب لکھئے۔ پہلا اور دوسرا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ درج ذیل انتخابات میں سے ایک کی تشریح مع حوالہ کیجئے :

(الف)

شغل بہتر ہے عشق بازی کا

کیا حقیقی و کیا مجازی کا

ہر زباں پر ہے مثل شانہ مدام

ذکر تجھ زلف کی درازی کا

ہوش کے ہاتھ میں عناں نہ رہی

جب سوں دیکھا سوار تازی کا

P.T.O.

آج تیری بھواں نے مسجد میں
ہوش کھویا ہے ہر نمازی کا
گر نہیں رازِ عشق سوں آگاہ
فخرِ بے جا ہے فخر رازی کا

(ب)

تھا مستعار حسن سے اس کے جو نور تھا
خورشید میں بھی اس کا ہی ذرہ ظہور تھا
آتش بلند دل کی نہ تھی ورنہ اے کلیم
یک شعلہ برق خرمن صد کوہ طور تھا
مجلس میں رات ایک ترے پرتوے بغیر
کیا شمع کیا پتنگ، ہر اک بے حضور تھا
ہم خاک میں ملے تو ملے لیکن اے سپہر
اس شمع کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا
کہنے لگا کہ دیکھ کے چل راہ بے خبر
میں بھی کبھو کسو کا سرِ پُر غرور تھا

۲۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح حوالے کے ساتھ کیجئے :

(الف)

ٹھانی تھی دل میں اب نہ ملیں گے کسی سے ہم
پر کیا کریں کہ ہو گئے ناچار جی سے ہم
ہنستے جو دیکھتے ہیں کسی سے کسی کو ہم
منہ دیکھ دیکھ روتے ہیں کس بے کسی سے ہم
صاحب نے اس غلام کو آزاد کر دیا
لو بندگی کہ چھوٹ گئے بندگی سے ہم
کیا گل کھلے گا دیکھئے ہے فصل گل تو دور
اور سوئے دشت بھاگتے ہیں کچھ ابھی سے ہم
کیا دل کو لے گیا کوئی بیگانہ آشنا
کیوں اپنے جی کو لگتے ہیں کچھ اجنبی سے ہم

(ب)

کسی کو دے کے دل کوئی نوا سنج فغاں کیوں ہو
نہ ہو جب دل ہی سینے میں تو پھر منہ میں زباں کیوں ہو
وہ اپنی خو نہ چھوڑیں گے ہم اپنی وضع یوں بدلیں
سبک سر بن کے کیا پوچھیں کہ ہم سے سرگراں کیوں ہو

وفا کیسی کہاں کا عشق جب سر پھوڑنا ٹھہرا
تو پھر اے سنگ دل تیرا ہی سنگ آستاں کیوں ہو
یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہے
ہوئے تم دوست جس کے دشمن اس کا آسماں کیوں ہو
یہی ہے آزمانا تو ستانا کس کو کہتے ہیں
عدو کے ہو لیے جب تم تو میرا امتحاں کیوں ہو

۳۔ اردو غزل سب سے مقبول صنف سخن ہے۔ آپ کا کیا خیال ہے؟ مفصل لکھئے۔

۴۔ داغ دہلوی کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجئے۔

۵۔ فیض احمد فیض کی غزل گوئی کے امتیازات پر روشنی ڈالئے۔

۶۔ غالب کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھئے۔

۷۔ ولی دکنی کی شاعری کے اہم عناصر سے بحث کیجئے۔